PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# پی سی بی نےپری سیزن کیمپ میں شرکت کے لیے20 کھلاڑیوں کو این سی اے طلب کرلیا

- سابق کپتان مصباح الحق کیمپ کمانڈنٹ ہوں گے
- کیمپ کے دوران ٹیسٹ کرکٹ کی تیاری کے لیےکھلاڑیوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی، ذاکر خان
- کیمپ کی میڈیا کوریج کے شیڈول کا اعلان جلد کردیا جائے گا

**لاہور،15اگست 2019ء:**

پی سی بی نے سنٹرل کنٹریکٹ میں شامل 14 کرکٹرز سمیت 20 کھلاڑیوں کو پری سیزن کیمپ میں شرکت کے لیے نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں طلب کرلیا ہے۔ کھلاڑی 19 اگست کو لاہور پہنچیں گے۔ 2 روزہ فٹنس ٹیسٹ کے بعد قومی کھلاڑی 22 اگست سے 7 ستمبر تک این سے اے میں جاری کنڈیشننگ کیمپ میں شرکت کریں گے۔

قومی کرکٹ ٹیم کے کوچنگ اسٹاف کی عدم موجودگی میں سابق کپتان مصباح الحق نیشنل کرکٹ اکیڈمی کے کوچز کے ساتھ مل کر کیمپ میں شامل کھلاڑیوں کے لیے ٹریننگ پروگرام ترتریب دیں گے۔

کنڈیشنگ کیمپ کے دوران کھلاڑی نیٹ پریکٹس کے ساتھ ساتھ فیلڈنگ پریکٹس بھی کریں گے۔ کیمپ میں کھلاڑیوں کی فٹنس میں بہتری پر بھی خصوصی توجہ دی جائے گی۔

کیمپ کے انعقاد کا مقصد قومی کھلاڑیوں کو آئندہ ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل سیزن سے قبل تیار کرنا ہے۔آئندہ ڈومیسٹک سیزن کا آغاز 12 ستمبر سے شیڈول قائد اعظم ٹرافی سے ہورہا ہے۔

قومی کھلاڑیوں کوقائداعظم ٹرافی میں 31 فرسٹ کلاس میچوں سمیت قومی ٹی ٹونٹی اور پاکستان ایک روزہ کپ کے ساتھ ساتھ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں شامل 6 ٹیسٹ

، 3 ایک روزہ اور 9 ٹی ٹوئنٹی میچوں میں بھی شرکت کرنا ہے۔

اظہر علی انگلش کاؤنٹی سمر سیٹ سے معاہدہ مکمل کرنے کے بعد کیمپ جوائن کریں گے۔ بابراعظم، فخر زمان، عماد وسیم، محمد عباس اور محمد عامر کو کاؤنٹی سیزن کے باعث کیمپ میں شرکت سے چھوٹ دی گئی ہے۔ یہ پانچوں کھلاڑی قائداعظم ٹرافی کے آغاز سے قبل پاکستان پہنچ جائیں گے۔

**کیمپ میں شامل کھلاڑی:**

سنٹرل کنٹریکٹ میں شامل عابد علی، اسد شفیق، اظہر علی، حارث سہیل، حسن علی، امام الحق، محمد رضوان، سرفراز احمد، شاداب خان، شاہین شاہ آفریدی، شان مسعود، عثمان شنواری، وہاب ریاض اور یاسر شاہ کو کیمپ میں طلب کیا گیا ہے۔

نان سنٹرل کنٹریکٹ یافتہ کھلاڑیوں میں آصف علی، بلال آصف، افتخار احمد، میر حمزہ، راحت علی اور ظفر گوہر کو بھی کیمپ میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

**ذاکر خان، ڈائریکٹر انٹرنیشنل کرکٹ :**

اس موقع پر ڈائریکٹر انٹرنیشنل کرکٹ پی سی بی ذاکر خان کا کہنا ہے کہ سیزن کے آغاز سے قبل یہ کنڈیشننگ کیمپ خاص اہمیت کا حامل ہے۔کیمپ کے دوران ٹیسٹ کرکٹ کی تیاری کے لیے کھلاڑیوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ٹیم کو بین الاقوامی کرکٹ کے آئندہ 42 میں سے 30 روز ٹیسٹ کرکٹ کھیلنی ہے۔

ذاکر خان نے کہا کہ ٹیسٹ کرکٹ کی تیاری کے لیے پاکستان کے کامیاب ترین کپتان مصباح الحق کا تجربہ کھلاڑیوں کے لیے مفید ثابت ہوگا۔انہوں نے کہاکہ پی سی بی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں شامل سری لنکا کے خلاف 2 ٹیسٹ میچوں میں بہترین کرکٹ دیکھنے کا خواہشمند ہے۔

ڈائریکٹر انٹرنیشنل کرکٹ پی سی بی کا کہنا ہے کہ سری لنکا سیریز سے قبل کھلاڑیوں کو قائداعظم ٹرافی میں بھی سخت کرکٹ کھیلنا ہے۔ اس سلسلے میں یہ کیمپ کھلاڑیوں کے لیے معاون ثابت ہوگا۔

ذاکر خان نے کہا کہ انگلینڈ اور ویلز میں کاؤنٹی کرکٹ کھیلنے میں مصروف 5

کھلاڑیوں کو کیمپ میں شرکت سے چھوٹ دی گئی ہے تاہم قائداعظم ٹرافی میں ان کی شرکت لازمی قرار دی گئی ہے۔

– ENDS –

Media contact:


**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk


**ABOUT THE PCB**

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners


www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4